# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Thursday, the 9th October, 2025 at 05:00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

## QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **SYED NAVEED QAMAR** **DR. SHARMILA FARUQUI**
**MR. RAMESH LAL** **MS. NAZ BALOCH**
**SYED RAFIULLAH** to invite attention of the Minister for Defence, to a matter of urgent public importance regarding frequent and sudden cancellations of domestic flights which are causing serious economic losses, disrupting travel plans, causing grave concern amongst the public.

## INTRODUCTION OF BILLS

**4.** **MS. SHAHIDA REHMANI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025] (section-5).

**5.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**6.** **MR. NAVEED AAMIR** to move for leave to introduce a Bill to provide for absorption of employees working under the administrative control of the Federal Directorate of Education, Islamabad [The Protection of Family Life and Wedlock Bill, 2025].

**7.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**8.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the National Database and Registration Authority Ordinance, 2000 [The National Database and Registration Authority (Amendment) Bill, 2025].

**9.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**10.** **MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025] (section-5).

**11.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**12.** **MS. SHAHIDA REHMANI** to move for leave to introduce a Bill to provide for the establishment of a National Emergency Response and Security Management Authority for the purpose of ensuring rapid and coordinated action in cases of terrorism, organized crime, and other threats to public safety [The National Response and Security Management Bill, 2025].

**13.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**14.** **MR. TAHIR IQBAL** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Co-operative Societies Act, 1925 [The Co-operative Societies (Amendment) Bill, 2025].

**15.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**16.** **MS. SHAHIDA BEGUM** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025] (section-5).

**17.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**18.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2025] (Article-228).

**19.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**20.** **MR. MUHAMMAD FAROOQ SATTAR**
**SYED AMIN UL HAQ**
**MR. ARSHAD ABDULLAH VOHRA**
**MR. AHMED SALEEM SIDDIQUI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Trade Organizations Act, 2013 (II of 2013) [The Trade Organizations (Third Amendment) Bill, 2025].

**21.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## LEGISLATIVE BUSINESS

**22.** **MK SYED SAMI UL HASAN GILANI** to move that the Bill to provide for the establishment of the Al-Biruni International University, Islamabad [The Al- Biruni International University, Islamabad Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**23.** **MK SYED SAMI UL HASAN GILANI** to move that the Bill to provide for the establishment of the Al-Biruni International University, Islamabad [The Al- Biruni International University, Islamabad Bill, 2025], be passed.

**24.** **SYEDA SHEHLA RAZA** to move that the Bill further to amend the Islamabad Capital Territory Charities Registration, Regulation and Facilitation Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Charities Registration, Regulation and Facilitation (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**25.** **SYEDA SHEHLA RAZA** to move that the Bill further to amend the Islamabad Capital Territory Charities Registration, Regulation and Facilitation Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Charities Registration, Regulation and Facilitation (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**26.** **SYEDA SHEHLA RAZA** to move that the Bill further to amend the Provincial Motor Vehicles Ordinance, 1965 [The Provincial Motor Vehicles (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**27.** **SYEDA SHEHLA RAZA** to move that the Bill further to amend the Provincial Motor Vehicles Ordinance, 1965 [The Provincial Motor Vehicles (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**28.** **MS. NAZ BALOCH** to move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025] (sections 292, 293 and 294, PPC), as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**29.** **MS. NAZ BALOCH** to move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**30.** **MS. NAZ BALOCH** to move that the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2025] (sections 513 and 514), as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**31.** **MS. NAZ BALOCH** to move that the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**32.** **MS. NAZ BALOCH** to move that the Bill further to amend the Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) Act, 1957 [The Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**33.** **MS. NAZ BALOCH** to move that the Bill further to amend the Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) Act, 1957 [The Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**34.** **MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to provide for establishment of the Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme [The Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**35.** **MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to provide for establishment of the Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme [The Pakistan Emergency Treatment Coverage Programme Bill, 2024], be passed.

**36.** **MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to make provisions for protection of breast-feeding and nutrition for infants and young children [The Islamabad Capital Territory Protection of Breast-Feeding and Child Nutrition Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**37.** **MR. ALI MUHAMMAD** to move that the Bill to make provisions for protection of breast-feeding and nutrition for infants and young children [The Islamabad Capital Territory Protection of Breast-Feeding and Child Nutrition Bill, 2024], be passed.

**38.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill to provide compulsory blood test for proposed spouse for Thalassemia [The Islamabad Capital Territory Compulsory Thalassemia Screening Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**39.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill to provide compulsory blood test for proposed spouse for Thalassemia [The Islamabad Capital Territory Compulsory Thalassemia Screening Bill, 2025], be passed.

**40.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill to establish minimum standards for climate accountability of business entities [The Climate Accountability Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**41.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill to establish minimum standards for climate accountability of business entities [The Climate Accountability Bill, 2024], be passed.

**42.** **MS. ZAHRA WADOOD FATEMI** to move that the Bill to provide for the establishment of Wah Institute of Modern Sciences [The Wah Institute of Modern Sciences, Wah Cantt Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**43.** **MS. ZAHRA WADOOD FATEMI** to move that the Bill to provide for the establishment of Wah Institute of Modern Sciences [The Wah Institute of Modern Sciences, Wah Cantt Bill, 2025], be passed.

**44.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to provide for the establishment of Orbit Institute of Management and Technology [The Orbit Institute of Management and Technology, Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**45.** **RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to provide for the establishment of Orbit Institute of Management and Technology [The Orbit Institute of Management and Technology, Bill, 2025], be passed.

**46.** **RANA IRADAT SHARIF KHAN** to move that the Bill to provide for the establishment of Rawal International University, Islamabad [The Rawal International University-Islamabad, Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**47.** **RANA IRADAT SHARIF KHAN** to move that the Bill to provide for the establishment of Rawal International University, Islamabad [The Rawal International University-Islamabad, Bill, 2025], be passed.

## MOTION

**48.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to establish an effective system of protection, relief and rehabilitation of women, men, transgender, children and any vulnerable person against domestic violence [The Domestic Violence (Prevention and Protection) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by Dr. Sharmila Faruqui, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**49.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill to establish an effective system of protection, relief and rehabilitation of women, men, transgender, children and any vulnerable person against domestic violence [The Domestic Violence (Prevention and Protection) Bill, 2025].

## MOTION

**50.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said Rules be dispensed with in order to take into consideration the Domestic Violence (Prevention and Protection) Bill, 2025.

## LEGISLATIVE BUSINESS

**51.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill to establish an effective system of protection, relief and rehabilitation of women, men, transgender, children and any vulnerable person against domestic violence [The Domestic Violence (Prevention and Protection) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**52.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move that the Bill to establish an effective system of protection, relief and rehabilitation of women, men, transgender, children and any vulnerable person against domestic violence [The Domestic Violence (Prevention and Protection) Bill, 2025], be passed.

## MOTION

**53.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] (schedule-II), till today be condoned. (Moved by Dr. Sharmila Faruqui, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**54.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] (schedule-II).

## MOTION

**55.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024] (section 498AA), till today be condoned. (Moved by Ms. Sofia Saeed Shah, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**56.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2024] (section 498AA).

## MOTION

**57.** **MS. MUNAZA HASSAN,** Chairman Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to amend the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 [The Pakistan Environmental Protection (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned. (Moved by Ms. Nuzhat Sadiq, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**58.** **MS. MUNAZA HASSAN,** Chairman Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination to present the report of the Standing Committee on the Bill to amend the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 [The Pakistan Environmental Protection (Amendment) Bill, 2024].

## MOTION

**59.** **MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025] (section 14), till today be condoned. (Moved by Mr. Usama Ahmed Mela, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**60.** **MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025] (section 14).

## MOTION

**61.** **MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (section 14), till today be condoned. (Moved by Sahibzada Sibghatullah, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**62.** **MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (section 14).

## MOTION

**63.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the calling attention notice no. 17 regarding poor condition of roads in rural areas particularly jagiot Road and Sikandar-e-Azam Road, Islamabad, referred to the Committee on 17.02.2025, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**64.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to present report of the Standing Committee on the calling attention notice no. 17 regarding poor condition of roads in rural areas particularly jagiot Road and Sikandar-e-Azam Road, Islamabad.

## MOTION

**65.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on Starred Question No, 146 referred to the Committee on 25th October, 2024, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**66.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honor to present this report on Starred Question No, 146 referred to the Committee on 25th October, 2024.

## MOTION

**67.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on Starred Question No, 148 referred to the Committee on 25th October, 2024, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**68.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honor to present this report on Starred Question No, 148 referred to the Committee on 25th October, 2024.

## AMENDMENTS TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**69. SYED RAFIULLAH** to move under sub-rule (5) rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the proposed amendments in Rules 70, 73 and 250 of the said rules, as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**70. SYED RAFIULLAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

**71. MS. ALIYA KAMRAN** to move under sub-rule (5) rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the proposed amendments in Rule 208 of the said rules, as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**72. MS. ALIYA KAMRAN** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

**73. MS. ALIYA KAMRAN** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendment in the said Rules:-

**Amendment in Rule 44 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 2007, in Rule 44, in sub rule (1), for the full stop at the end, a colon (:), shall be substituted, and thereafter the following provisos shall be added, namely:-

"Provided that the Secretariat shall inform the member in writing, if a member remains absent without leave for thirty consecutive sitting, drawing attention to the provisions of the rule and the consequences of consecutive absence of forty days: and

Provided further that if the member submit an application for leave of absence explaining the reasons for such absence, on or before the fortieth day, or if such application was given earlier but could not be placed before the Assembly due to administrative or procedural reasons, the provisions of this rule regarding vacation of seat shall not apply to such member."

**74. MS. ALIYA KAMRAN** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendment be taken into consideration.

**75. MS. ALIYA KAMRAN** to move that the proposed amendment in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

**76. MS. SHAHIDA BEGUM** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**Amendment in Rule 61 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly 2007, in Rule 61, for the full stop at the end, a colon shall be substituted, and thereafter the following proviso, shall be added, namely:-

"Provided that the allotted days shall not exceed beyond the two immediate sessions after the President's Adress."

**77. MS. SHAHIDA BEGUM** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**78.** **MS. SHAHIDA BEGUM** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**79.** **SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to review the minimum wages in accordance with the prevalent rate of inflation so that the workers may earn a decent livelihood".

**80.** **MR. MUHAMMAD MOAZZAM ALI KHAN** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to operate government and private airlines flights in south Punjab region".

**81.** **MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to provide compensation to affectees whose land have been acquired by the CDA in sector E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 and H-16 Islamabad".

**82.** **MS. ALIYA KAMRAN** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to address the impacts of climate change across all sectors of national life".

**83.** **SYED RAZA ALI GILLANI** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to ensure fair and speedy trials of the cases of blasphemy.

## MOTIONS UNDER RULE 259

**84.** **DR. SHARMILA FARUQUI** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Pakistan National Shipping Corporation (PNSC).

**85.** **MR. ASIF KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Peshawar Electric Supply Company (PESCO).

**86.** **MS. ALIYA KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the Climate Change policy of the Government.

**87.** **SYED RAFIULLAH** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Pakistan Railways.

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**88.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**89.** **MS. ALIYA KAMRAN** **MOULANA ABDUL GHAFOOR HAIDERI**
**MS. NAEEMA KISHWER KHAN** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding exorbitant charges under various heads in private hospitals and laboratories in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**8th October, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعرات، ۹/اکتوبر، ۲۰۲۵ء شام پانچ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **سید نوید قمر** **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** **جناب رمیش لال** **محترمہ ناز بلوچ**
**سید رفیع اللہ** وزیر برائے دفاع کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو شدید معاشی نقصانات اور سفری منصوبوں کے متاثر ہونے کا موجب بننے والی اندرون ملک پروازوں کی بار بار اور اچانک منسوخی سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** تحریک پیش کریں گی کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ۔۵) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۵۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۶۔ **جناب نوید عامر** تحریک پیش کریں گے کہ وفاقی نظامت تعلیم، اسلام آباد کے زیر انتظام کام کرنے والے ملازمین کے انضمام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [تحفظ عائلی حیات وازدواج بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۷۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۸۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۹۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۰۔ **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ۔۵) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۱۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۲۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** تحریک پیش کریں گی کہ دہشت گردی، منظم جرائم، اور عوامی تحفظ کو درپیش دیگر خطرات کی صورت میں فوری اور مربوط کارروائی کو یقینی بنانے کے مقصد کیلئے قومی ہنگامی ردعمل و سیکورٹی مینجمنٹ اتھارٹی کے قیام کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [قومی ردِ عمل و سیکورٹی مینجمنٹ بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۳۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۴۔ **جناب طاہر اقبال** تحریک پیش کریں گے کہ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [کوآپریٹو سوسائٹیز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۵۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۶۔ **محترمہ شاہدہ بیگم** تحریک پیش کریں گی کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ۔۵) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۷۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۸۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (آرٹیکل ۲۲۸) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۹۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۲۰۔ **جناب محمد فاروق ستار** **سید امین الحق** **جناب ارشد عبداللہ وہرا** **جناب احمد سلیم صدیقی**

تحریک پیش کریں گے کہ تجارتی تنظیمات ایکٹ، ۲۰۱۳ء (نمبر ۲ بابت ۲۰۱۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل [تجارتی تنظیمات (تیسری ترمیم) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۱۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۲۲۔ **مخدوم سید سمیع الحسن گیلانی** تحریک پیش کریں گے کہ البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۲۳۔ **مخدوم سید سمیع الحسن گیلانی** تحریک پیش کریں گے کہ البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [البیرونی بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۲۴۔ **سیدہ شہلا رضا** تحریک پیش کریں گی کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں رفاہی اداروں کی رجسٹریشن، انضباط وسہولت کاری ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں رفاہی اداروں کی رجسٹریشن، انضباط وسہولت کاری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۲۵۔ **سیدہ شہلا رضا** تحریک پیش کریں گی کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں رفاہی اداروں کی رجسٹریشن، انضباط وسہولت کاری ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں رفاہی اداروں کی رجسٹریشن، انضباط وسہولت کاری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۲۶۔ **سیدہ شہلا رضا** تحریک پیش کریں گی کہ صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [صوبائی موٹر گاڑیاں (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۲۷۔ **سیدہ شہلا رضا** تحریک پیش کریں گی کہ صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [صوبائی موٹر گاڑیاں (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۲۸۔ **محترمہ ناز بلوچ** تحریک پیش کریں گی کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعات ۲۹۲، ۲۹۳/اور ۲۹۴، پی پی سی) سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۲۹۔ **محترمہ ناز بلوچ** تحریک پیش کریں گی کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۳۰۔ **محترمہ ناز بلوچ** تحریک پیش کریں گی کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعات ۵۱۳/اور ۵۱۴) سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۱۔ **محترمہ ناز بلوچ** تحریک پیش کریں گی کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۳۲۔ **محترمہ ناز بلوچ** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان کے نام اور نشانات (غیر مجاز استعمال کی روک تھام) ایکٹ، ۱۹۵۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان کے نام اور نشانات (غیر مجاز استعمال کی روک تھام) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۳۔ **محترمہ ناز بلوچ** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان کے نام اور نشانات (غیر مجاز استعمال کی روک تھام) ایکٹ، ۱۹۵۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان کے نام اور نشانات (غیر مجاز استعمال کی روک تھام) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۳۴۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کوریج پروگرام بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۵۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ایمر جنسی ٹریٹمنٹ کور یج پر وگرام کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان ایمر جنسی ٹریٹمنٹ کور یج پر وگرام بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۳۶۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ نوزائیدہ اور چھوٹے بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کے تحفظ کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کا تحفظ بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۷۔ **جناب علی محمد** تحریک پیش کریں گے کہ نوزائیدہ اور چھوٹے بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کے تحفظ کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں بچوں کو ماں کا دودھ پلانے اور غذائیت کا تحفظ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۳۸۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ ممکنہ زوج کیلئے تھیلیسیمیا کے لازمی خون ٹیسٹ کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد لازمی تھیلیسیمیا اسکریننگ بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صوریت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۹۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ ممکنہ زوج کیلئے تھیلیسیمیا کے لازمی خون ٹیسٹ کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد لازمی تھیلیسیمیا اسکریننگ بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۴۰۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ کاروباری اداروں کی ماحولیاتی جوابدہی کے لیے کم از کم معیارات مقرر کرنے کا بل [ماحولیاتی جوابدہی بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۴۱۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ کاروباری اداروں کی ماحولیاتی جوابدہی کے لیے کم از کم معیارات مقرر کرنے کا بل [ماحولیاتی جوابدہی بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۴۲۔ **محترمہ زہرا ودود فاطمی** تحریک پیش کریں گی کہ واہ ادارہ برائے جدید علوم کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [واہ ادارہ برائے جدید علوم، واہ کینٹ بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۴۳۔ **محترمہ زہرا ودود فاطمی** تحریک پیش کریں گی کہ واہ ادارہ برائے جدید علوم کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [واہ ادارہ برائے جدید علوم، واہ کینٹ بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۴۴۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۴۵۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [آربٹ ادارہ برائے مینجمنٹ و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۴۶۔ **رانا ارادت شریف خان** تحریک پیش کریں گے کہ راول انٹر نیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [راول انٹر نیشنل یونیورسٹی اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۴۷۔ **رانا ارادت شریف خان** تحریک پیش کریں گے کہ راول انٹر نیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [راول انٹر نیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک

۴۸۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ گھریلو تشدد کے خلاف خواتین، مرد، مخنث افراد، بچوں اور کسی بھی کمزور شخص کے تحفظ، امداد اور بحالی کے لئے ایک مؤثر نظام قائم کرنے کے بل [گھریلو تشدد (روک تھام و تحفظ) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب ڈاکٹر شرمیلا فاروقی، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۹۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات گھریلو تشدد کے خلاف خواتین، مرد، مخنث افراد، بچوں اور کسی بھی کمزور شخص کے تحفظ، امداد اور بحالی کے لئے ایک مؤثر نظام قائم کرنے کے بل [گھریلو تشدد (روک تھام و تحفظ) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

**۵۰۔ ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ گھریلو تشدد (روک تھام و تحفظ) بل، ۲۰۲۵ء کو زیر غور لانے کے لئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات کو موقوف کیا جائے۔

## قانون سازی

**۵۱۔ ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ گھریلو تشدد کے خلاف خواتین، مرد، مخنث افراد، بچوں اور کسی بھی کمزور شخص کے تحفظ، امداد اور بحالی کے لئے ایک مؤثر نظام قائم کرنے کا بل [گھریلو تشدد (روک تھام و تحفظ) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**۵۲۔ ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** تحریک پیش کریں گی کہ گھریلو تشدد کے خلاف خواتین، مرد، مخنث افراد، بچوں اور کسی بھی کمزور شخص کے تحفظ، امداد اور بحالی کے لئے ایک مؤثر نظام قائم کرنے کا بل [گھریلو تشدد (روک تھام و تحفظ) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک

**۵۳۔ راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (جدول دوم) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب ڈاکٹر شرمیلا فاروقی، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

**۵۴۔ راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مجموعہ ضابطہ فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (جدول دوم) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

**۵۵۔ راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (دفعہ ۴۹۸/الف الف) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب محترمہ صوفیہ سعید شاہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

**۵۶۔ راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (دفعہ ۴۹۸/الف الف) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

**۵۷۔ محترمہ منزہ حسن**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی معاونت تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں ترمیم کرنے کے بل [پاکستان ماحولیاتی تحفظ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب محترمہ نزہت صادق، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

**۵۸۔ محترمہ منزہ حسن**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی معاونت پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں ترمیم کرنے کے بل [پاکستان ماحولیاتی تحفظ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گی۔

## تحریک

**۵۹۔ جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ ۱۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب جناب اسامہ احمد میلہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۶۰۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعہ ۱۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۶۱۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (دفعہ ۱۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب صاحبزادہ صبغت اللہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۶۲۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (دفعہ ۱۴) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۶۳۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ دیہی علاقوں میں سڑکوں خصوصاً جگیوٹ روڈ اور سکندر اعظم روڈ، اسلام آباد کی خستہ حالی کے بارے میں ۷ افروری، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۷ اپر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۶۴۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات دیہی علاقوں میں سڑکوں خصوصاً جگیوٹ روڈ اور سکندر اعظم روڈ، اسلام آباد کی خستہ حالی سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس نمبر ۷ اپر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۶۵۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ ۲۵/اکتوبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۱۴۶ اپر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۶۶۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات ۲۵/اکتوبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۱۴۶ اپر رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## تحریک

۶۷۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ ۲۵/اکتوبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۱۴۸ اپر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۶۸۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات ۲۵/اکتوبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۱۴۸ اپر رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۶۹۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مذکورہ قواعد کے قواعد ۷۰، ۳۷/اور ۲۵۰ میں مجوزہ ترامیم قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لائی جائیں۔

۷۰۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

۷۱۔ **محترمہ عالیہ کامران** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۲۰۸ میں مجوزہ ترمیم فی الفور زیر غور لائی جائیں۔

۷۲۔ **محترمہ عالیہ کامران** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

۷۳۔ **محترمہ عالیہ کامران** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں حسب ذیل ترمیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گی:۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۴۴ میں ترمیم۔**۔ کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں قاعدہ ۴۴ کے ذیلی قاعدہ (۱) میں، آخر میں آنے والے وقف کامل کو شرحہ (:) سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ اگر کوئی رکن بغیر رخصت کے مسلسل تیس اجلاسوں سے غیر حاضر رہتا ہے تو سیکرٹریٹ تحریری طور پر اس کی توجہ قاعدہ کی تصریحات اور چالیس دن کی مسلسل غیر حاضری کے نتائج کی جانب دلائے گا: اور"

"مگر مزید شرط یہ ہے کہ اگر کوئی رکن غیر حاضری کی وجوہات کی وضاحت کے ساتھ رخصت کی درخواست چالیسویں دن یا اس سے قبل جمع کروائے یا اگر ایسی درخواست پہلے دی گئی ہو مگر انتظامی یا طریقہ کار کی وجوہات کی بناء پر وہ اسمبلی میں پیش نہ کی جا سکی ہو تو نشست خالی ہونے سے متعلق قاعدہ کی تصریحات کا اطلاق مذکورہ رکن پر نہیں ہوگا۔"

۷۴۔ **محترمہ عالیہ کامران** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ مجوزہ ترمیم زیر غور لائی جائے۔

۷۵۔ **محترمہ عالیہ کامران** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترمیم منظور کی جائے۔

۷۶۔ **محترمہ شاہدہ بیگم** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں حسب ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گی:۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۱۶۱ میں ترمیم۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۱۶۱ میں، آخر میں آنے والے وقف کامل کو شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ مختص کردہ دن صدر کے خطاب کے بعد دو فوری اجلاسوں سے تجاوز نہیں کریں گے۔"

۷۷۔ **محترمہ شاہدہ بیگم** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۷۸۔ **محترمہ شاہدہ بیگم** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

## قراردادیں

۷۹۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت کم از کم اجرت کو مہنگائی کی موجودہ شرح کے مطابق از سر نو مقرر کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے تاکہ محنت کش مناسب روزی کما سکیں۔"

۸۰۔ **جناب محمد معظم علی خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت جنوبی پنجاب کے علاقے میں سرکاری اور نجی ایئر لائنوں کی پروازیں چلانے کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

۸۱۔ **جناب انجم عقیل خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ان متاثرین کو معاوضہ دینے کے لئے فوری اقدامات کرے جن کی اراضی سی ڈی اے نے اسلام آباد کے سیکٹر ای۔۱۲، سی۔۱۳، سی۔۱۴، سی۔۱۵، سی۔۱۶/اور ایچ۔۱۶ میں حاصل کی۔"

۸۲۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک کے تمام شعبہ ہائے زندگی پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

۸۳۔ **سید رضا علی گیلانی** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت توہین رسالت کے مقدمات کی منصفانہ اور فوری سماعتوں کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۸۴۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

"یہ ایوان پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کی کارکردگی پر بحث کرے۔"

۸۵۔ **جناب آصف خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

"یہ ایوان پشاور الیکٹرک سپلائی کمپنی (پیسکو) کی کارکردگی پر بحث کرے۔"

۸۶۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

"یہ ایوان حکومت کی موسمیاتی تبدیلی پالیسی پر بحث کرے۔"

۸۷۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

"یہ ایوان پاکستان ریلوے کی کارکردگی پر بحث کرے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۸۸۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۸۹۔ **محترمہ عالیہ کامران** **مولانا عبدالغفور حیدری** **محترمہ نعیمہ کشور خان** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد کے نجی ہسپتالوں اور لیبارٹریوں میں مختلف مدات کے تحت ہوشربا چارجز سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۸/اکتوبر، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**